السنّة النبوية وعلومها
www.sunnah.global

گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں غبار کی طرف جو بنی غنم کی گلیوں میں اٹھی تھی وہ حضرت جبریل علیہ السلام کے قافلہ کی تھی یہ اس وقت کا ذکر ہے جب رسول اللہ ﷺ بنی قریظہ سے لڑنے کے لیے چلے

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ گویا کہ میں دیکھ رہا ہوں غبار کی طرف جو بنی غنم کی گلیوں میں اٹھی تھی وہ حضرت جبریل علیہ السلام کے قافلہ کی تھی یہ اس وقت کا ذکر ہے جب رسول اللہ ﷺ بنی قریظہ سے لڑنے کے لیے چلے

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

انس بن مالك رضی اللہ عنہ خبر دے رہے ہیں کہ انہوں نے بنی غنم (خزرج کا ایک خاندان) کے کوچے میں جو غبار اٹھتا ہوا دیکھا تھا وہ فرشتوں کے سپاہیوں کے اثر سے تھا، اور ان کے سربراہ حضرت جبریل علیہ السلام تھے جس وقت رسول اللہ ﷺ بنی قریظہ سے لڑنے کے لیے چلے تھے" اور اثر یا نشان کو دیکھنے سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ انہوں نے فرشتوں کو دیکھا ہو گا ممکن ہے دیکھا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ نہ دیکھا ہو، اس بارے میں کوئی شک نہیں کہ انہیں جبریل علیہ السلام کے قافلہ کا علم رسول اللہ ﷺ کے ذریعے ہوا ہو گا

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/10557

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY